**14.05.2026**
**2115 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ......................شمیم احمد

**Music**

------------------------------

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی صدارت میں برکس کا مقصد سب کی شمولیت والا عالمی نظام ہے۔
- ☆ انتخابی کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ 16 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام تین علاقوں میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرثانی کا تیسرا مرحلہ شروع ہوگا۔
- ☆ کانگریس لیڈر V.D.Satheesan نے گورنر سے ملاقات کی اور کیرالم میں حکومت کی تشکیل کیلئے باقاعدہ دعویٰ پیش کیا۔
- ☆ اترپردیش میں پچھلے چوبیس گھنٹے میں بارش، آندھی اور بجلی گرنے کے واقعات میں 70 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔
- ☆ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اُن کے چینی ہم منصب شی جنپنگ نے بیجنگ میں مذاکرات کیے۔ دونوں لیڈروں نے آبنائے ہرمز کھولے جانے پر زور دیا۔
- ☆ ایشین سینئر ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ میں اجیت نارائن نے گجرات کے گاندھی نگر میں مردوں کے 71 کلوگرام کے زمرے میں کانسے کے دو تمغے حاصل کیے ہیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**BRICS FM Meeting**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اِس برس بھارت کی صدارت میں برکس کثیر سطحیت کو مضبوط کرنے، پائیدار ترقی کو فروغ دینے، اقتصادی مزاحمت کو بڑھانے اور مزید شمولیت والے عالمی نظام کی تشکیل دینے کیلئے مل کر کام کرے گا۔ آج نئی دلّی میں وزیر اعظم مودی سے ملاقات کیلئے آنے والے برکس ممالک کے وزرائے خارجہ اور وفد کے سربراہان کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ابھرتی ہوئی معیشتوں کے درمیان تعاون کو بڑھانے اور عالمی جنوب کی امنگوں کو آواز دینے کی غرض سے برکس ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر ابھرا ہے۔ یہ میٹنگ نئی دلّی میں اِن دنوں جاری برکس وزرائے خارجہ کی میٹنگ سے الگ منعقد ہوئی۔

اِس سے قبل برکس وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں اپنے افتتاحی بیان میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ امن اور سلامتی کو عالمی نظام میں مرکزی حیثیت ہی حاصل ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ تنازعات، مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت ہی کو اجاگر کرتے ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اِن دنوں جاری تنازعات، اقتصادی غیر یقینی کی صورتحال اور

تجارت، ٹیکنالوجی اور آب و ہوا سے متعلق چیلنجز، عالمی منظرنامے کو شکل و صورت دے رہے ہیں اور اِس نوع کی توقعات بڑھ رہی ہیں کہ برکس، اِس سلسلے میں ایک تعمیری اور استحکام عطا کرنے والا کردار ادا کرے گا۔
اِس میٹنگ کا موضوع ہے: مزاحمت، اختراعات، تعاون اور پائیداریت کیلئے تعمیر۔ انسانیت کو اولیت دینے اور برکس کے عوام مرکوز ہونے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے ویژن سے اِس موضوع کیلئے تحریک ملی ہے۔
کل دوسرے دن برکس ممبران اور شریک ممالک، ایک اجلاس میں حصہ لیں گے، جس کا موضوع ہے: BRICS@20 ، مزاحمت، اختراعات، تعاون اور پائیداریت کیلئے تعمیر۔ اِس کے بعد عالمی حکمرانی اور کثیر سطحی نظام میں اصلاحات کے موضوع پر اجلاس ہوگا۔ x

## India UAE PM Visit

بھارت اور متحدہ عرب امارات، ایشیا کی تیزی کے ساتھ بڑھتی ہوئی اقتصادی شراکت داریوں میں سے ایک کو مزید توسیع دینے کی تیاری کررہے ہیں، جس کیلئے وزیراعظم نریندر مودی، اعلیٰ سطحی تبادلۂ خیال کیلئے کل ابوظہبی پہنچ رہے ہیں۔ اِس تبادلۂ خیال میں تجارت، سرمایہ کاری، توانائی کے تحفظ اور اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ یہ دورہ، دونوں ملکوں کے درمیان باہمی اقتصادی مصروفیات میں تیزی کے ساتھ ہوتی ہوئی پیش رفت کے مابین ہورہا ہے۔ بھارت-متحدہ عرب امارات کی تجارت، مالی سال 25-2024 میں 100 ارب امریکی ڈالر کے نشانے سے تجاوز کرچکی ہے۔ یہ 2022 کے جامع اقتصادی شراکت داری کے معاہدے یا CEPA کے تحت مقرر ہدف کو مقررہ وقت سے پانچ سال پہلے ہی حاصل کرنا ہے۔
اِس سال کے اوائل میں متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے بھارت کے دورے کے دوران دونوں ملکوں نے 2032 تک باہمی تجارت کے نشانے کو بڑھا کر 200 ارب ڈالر مقرر کیا تھا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C: Vinod Kumar**

*بھارت اور متحدہ عرب امارات، دونوں ملکوں کے درمیان گہری اقتصادی شراکتداری کے لئے مسلسل کوشاں ہیں۔ جمعہ کے روز ہونے والی بات چیت میں توانائی کے تحفظ پر توجہ مرکوز کئے جانے کا امکان ہے۔ UAE میں بھارت کی طرف سے ہونے والی برآمدات 36 اعشاریہ چھ تین بلین ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے، جس کے سبب متحدہ عرب امارات دینا بھر میں بھارت کی جانب سے ہونے والی برآمدات کا دوسرا بڑا ملک بن گیا ہے۔*
*بھارت کی جانب سے برآمد ہونے والی اہم اشیاء میں ریفائنڈ پیٹرولیم مصنوعات، سونے اور ہیرے کے جواہرات، انجینئرنگ مصنوعات، کپڑے، ادویات اور پروسسڈ کھانے شامل ہیں۔*
*بھارت یو اے ای سے جو اشیاء درآمدات کرتا ہے ان میں خام تیل، سونا اور پیٹرول سے حاصل کیمیکلز کا بڑا حصہ ہے۔*
*روایتی تجارت سے بالاتر دونوں ممالک کے مابین سیمی کنڈکٹرس، مصنوعی ذہانت، قابلِ تجدید توانائی، Fin Tech،صحت، اہم معدنیات اور شہری نیوکلیائی توانائی جیسے اہم شعبوں میں تعاون میں توسیع ہو رہی ہے۔ جمعہ کے روز ہونے والے مذاکرات میں متعدد شعبوں میں باہمی روابط کو مضبوط کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ ان میں تجارت، سرمایہ کاری، توانائی کے تحفظ، ٹیکنالوجی، ثقافت اور عوامی روابط جیسے شعبے شامل ہیں۔*

**MoS Defence**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ خود کفالت اور مل کر کام کرنے کی پہل دونوں ہی کلیدی نوعیت کی خود مختاری حاصل کرنے اور ابھرتے ہوئے سیکیورٹی چیلینجز کیلئے مستقبل میں تیار رہنے کی غرض سے لازمی حیثیت رکھتے ہیں۔ جناب سنگھ نے نئی دلّی میں قلم اور کوچ کے تیسرے ایڈیشن کے افتتاحی اجلاس کے دوران ایک ویڈیو پیغام میں یہ بات کہی وزیر موصوف نے خود کفالت کو نہ صرف ایک اقتصادی ہدف بلکہ ایک کلیدی ضرورت بھی قرار دیا۔ انہوں وضاحت کی کہ اگر کوئی ملک اہم ترین دفاعی صلاحیتوں کیلئے دوسروں پر زیادہ ہی منحصر ہو تو وہ بحران کے دور میں زَد پذیر رہتا ہے۔

جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت، اپنے قومی نظام کے اندرون اہم نوعیت کے دفاعی نظام کو وضع کرے، تیار کرے، بنائے، برقرار رکھے اور انہیں اپ گریڈ کرتا رہے تا کہ وہ کلیدی نوعیت کی خود مختاری حاصل کر سکے۔

محکمۂ دفاع کے وزیرِ مملکت سنجے سیٹھ نے آپریشن سندور کو ایک تاریخی کامیابی قرار دیا، جس نے بھارت کی ملک میں ہی تیار ہتھیاروں اور نظاموں کو استعمال کرتے ہوئے انتہائی تیز اور تال میل پر مبنی آپریشن انجام دینے کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔×

**EC SIR III**

بھارت کے چناؤ کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ رائے دہندگان کی فہرستوں پر خصوصی نظرثانی SIR مرحلہ-تین شروع کیا جائے گا۔ اِسے 16 ریاستوں اور مرکز کے زیرِانتظام علاقوں میں مرحلہ وار منعقد کیا جائے گا۔ اِس مرحلے میں جو ریاستیں شامل ہیں، اُن میں آندھراپردیش، اروناچل پردیش، ہریانہ، جھارکھنڈ، کرناٹک، مہاراشٹر اور اتراکھنڈ شامل ہیں۔ مرکز کے زیرِانتظام جن علاقوں کا اِس مرحلے میں احاطہ کیا گیا ہے، اُن میں دِلی کا قومی راجدھانی خطہ، چنڈی گڑھ اور دادر اور ناگر حویلی نیز دمن اور دیو شامل ہیں۔ SIR مرحلہ-تین کے دوران تین لاکھ 94 ہزار سے زیادہ تعداد میں بوتھ لیول افسران، 36 کروڑ 73 لاکھ ووٹران سے گھر گھر جاکر معلومات حاصل کریں گے۔

اپنی معلومات از خود فراہم کرنے کے مرحلے کے دوران سیاسی پارٹیوں کے ذریعے مقرر کردہ تین لاکھ 42 ہزار بوتھ لیول ایجنٹ اُن کی مدد کریں گے۔ اِس کے ساتھ ہی ووٹر فہرستوں کے SIR میں مرحلہ-تین میں پورے ملک کا احاطہ کیا جائے گا۔ اِس میں ہماچل پردیش، جموں وکشمیر اور لداخ شامل نہیں ہیں۔ اِن تین ریاستوں اور مرکز کے زیرِانتظام علاقوں میں مردم شماری کے مرحلہ-دو کی تکمیل اور بالائی علاقوں یا برفباری والے علاقوں میں موسم پر غور کرنے کے بعد اِن تینوں ریاستوں اور مرکز کے زیرِانتظام علاقوں کیلئے SIR کے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ ووٹر فہرست کی نظرثانی کے عمل میں یہ ایک اہم قدم ہے، اِس کا مقصد ملک بھر میں اَپ ڈیٹیڈ اور درست انتخابی فہرستیں تیار کرنا ہے۔

ECI نے تمام سیاسی جماعتوں سے درخواست کی ہے کہ وہ ہر ایک پولنگ بوتھ کیلئے BLAs مقرر کریں، تاکہ سیاسی پارٹیوں کی مکمل شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ اِس کا مقصد یہ بھی ہے کہ SIR مکمل شفافیت اور سیاسی جماعتوں کی مکمل شراکت کے ساتھ منعقد کی جائے۔×

**CM Kerala**

کیرالم میں کانگریس قانون ساز پارٹی نے آج تھرو ونتھاپورم میں منعقدہ میٹنگ میں V D Satheesan کو اپنے لیڈر کے طور پر باقاعدہ منتخب کیا۔ بتایا جاتا ہے کہ پارٹی کے ایک اور سینئر لیڈر رمیش Chennithala پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ

میں موجود نہیں تھے۔

مزید تفصیل تھرو ونتھاپورم کے ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Smithy**

کیرالم میں سینئر کانگریس لیڈر **V.D.Satheesan** نے آج شام گورنر راجندر وشوناتھ آرلیکر سے ملاقات کی اور اُنہیں ریاست میں نئی سرکار تشکیل دینے کا اپنا دعویٰ پیش کیا۔ آج شام تروانتھاپورم میں کانگریس قانون ساز پارٹی کی میٹنگ ہوئی اور اِس میں **V.D.Satheesan** کو پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا۔ اِس سے قبل آج نئی دِلی میں کانگریس کی قومی قیادت نے قانون ساز پارٹی کے لیڈر کے طور پر اُن کے نام کا اعلان کیا تھا۔ چار مئی کو انتخابی نتائج کے بعد گزشتہ دس دن سے زیادہ تروانتھاپورم اور نئی دِلی میں جاری تبادلۂ خیال کے بعد اِس فیصلے کا اعلان کیا گیا ہے۔ کانگریس پارٹی اور **UDF** کی اتحادی پارٹیاں اب **V.D.Satheesan** کی بننے والی کابینہ میں وزراء کے بارے میں تبادلۂ خیال کررہی ہیں۔ توقع ہے کہ حلف برداری کی تقریب پیر کے روز ہوگی۔

اِسی دوران سبکدوش ہونے والے وزیراعلیٰ **Pinarayi Vijayan** کو **CPM** کی قانون سازی پارٹی کے لیڈر کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔

تروانتھاپورم سے **Smithy M.Palluruthy** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں..................

**TN AIA-DMK**

تمل ناڈو میں، **AIADMK** کے جنرل سکریٹری **Edappadi Palanisamy** نے آج ریاستی گورنر وشوناتھ آرلیکر سے ملاقات کی اور **S.P.Velumani** کے زیرقیادت **AIADMK** کے ارکان قانون ساز آسمبلی میں پھوٹ پڑنے سے متعلق ایک عذرداری اُنہیں پیش کی۔ سابق وزیراعلیٰ نے گورنر سے اپیل کی کہ وہ اِس معاملے کو اسپیکر **J.C.D.Prabhakar** کے ساتھ اُٹھائیں۔ معاملہ یہ ہے کہ **S.P.Velumani** کے زیرقیادت دھڑے میں **AIADMK** کے **25** اراکین قانون ساز اسمبلی نے **TVK** سرکار کو ووٹ دیا، جو کہ **TVK** سرکار کے خلاف ووٹ نہ دینے کے **O.S.Manian** کے ذریعے جاری کی گئی وہپ کی خلاف ورزی ہے۔

**Edappadi Palanisamy** کے زیرقیادت **AIADMK** کے **22** ارکانِ قانون ساز اسمبلی نے بھی اسپیکر سے اپیل کی ہے، جس میں اُن سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ **S.P.Velumani** کی قیادت والے دھڑے کو نااہل قرار دیں۔ اِس سے قبل **AIADMK** کے جنرل سکریٹری **Edappadi Palanisamy** نے کچھ اراکین قانون ساز اسمبلی کو پارٹی میں مختلف عہدوں سے ہٹادیا تھا۔×

**UP Weather**

اترپردیش میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران، بارش، طوفان اور بجلی گرنے سے **70** سے زیادہ افراد جاں بحق ہوگئے۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ فوری طور سے جائے وقوع پر پہنچ کر سروے کریں۔ اُنہوں نے اُن سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ ہر تین گھنٹے میں معاوضے کی صورتحال کے بارے میں بھی اَپ ڈیٹ

فراہم کریں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C: Sushil

*تقریباً 100 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے چلنے والی تیزوتند ہوا نے بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا ہے۔ پٹنہ راجدھانی سمیت بہت سی ٹرینیں، پٹریوں پر درختوں کے گرنے اور OHE وائر کو نقصان پہنچنے کے باعث مختلف اسٹیشنوں پر رُکیں۔ بارش کے ساتھ ساتھ گردوغبار کے طوفان نے فصلوں کو بھی بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا ہے۔ تیز ہواؤں نے مکانوں کی چھتوں کو اُڑا دیا، بجلی کے کھمبوں کو اُکھاڑ پھینکا اور بڑے پیمانے پر بجلی کی فراہمی میں خلل ڈالا۔ بہت بڑی تعداد میں مکانات تباہ ہوگئے اور بڑے بڑے درخت جڑوں سے اُکھڑ گئے۔ بہت سے لوگ، جنہوں نے درختوں کے نیچے پناہ لی تھی، اِس خراب موسم کا شکار ہوگئے۔ سب سے زیادہ متاثر ہونے والے علاقوں میں پریاگ راج، بھدوہی، مرزاپور، فتح پور اور وارانسی شامل ہیں۔*

*پریاگ راج میں 21 افراد ہلاک ہوئے ہیں، جبکہ بھدوہی میں 15، مرزا پور میں 18، فتح پور میں 9 افراد، بدایوں میں 5 اور بریلی میں 4 افراد نے اپنی جانیں گنوائیں۔ 200 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں اور اُنہیں اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔*

*لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں..................*

## Trump China Visit

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اُن کے چینی ہم منصب شی جنپنگ نے آج بیجنگ میں مذاکرات کیے۔ دونوں لیڈروں نے کشیدگی کے باوجود محاذ آرائی کے بجائے تجارت، ٹیکنالوجی اور علاقائی سکیورٹی کے معاملے پر تعاون پر زور دیا۔ وہائٹ ہاؤس کے مطابق دونوں لیڈروں نے اتفاق کیا کہ آبنائے ہرمز کو ہر حال میں کھلا ہی رہنا چاہیے تاکہ توانائی کی آزادانہ آمد و رفت میں مدد مل سکے۔ وہائٹ ہاؤس کے مطابق جناب ٹرمپ کی صدر شی جنپنگ سے ملاقات خوش آیند رہی۔

میٹنگ کے بعد وہاں موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے چین کے صدر شی جنپنگ نے محاذ آرائی کے بجائے تعاون کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ چین اور امریکہ کو ایک دوسرے کا حریف نہیں، ایک دوسرے کا شریک ہونا چاہیے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ دونوں ملکوں میں اختلافات سے زیادہ مشترکہ مفادات پائے جاتے ہیں اور انہوں نے باہمی تعلقات میں ایک نئے باب کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ امریکہ کے صدر، تین روزہ دورے پر چین گئے ہوئے ہیں۔ چین کے اِس دورے پر اُن کے ہمراہ امریکہ کے کچھ بڑے کاروباری لیڈران بھی ہیں، جن میں Nvida کے Jensen Huang، Apple کے Tim Cook، ٹیسلا اور اسپیس X کے Elon Musk اور BlackRock کے Larry Fink شامل ہیں۔

ٹرمپ کے دورے سے قبل ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بیجنگ کا پہلا دورہ کیا تھا اور اپنے چینی ہم منصب Wang Yi سے مذاکرات کیے تھے۔

عراقچی کے ساتھ بات چیت کے بعد Wang نے ایران سے کہا تھا کہ وہ جلد از جلد آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھول دے۔ ساتھ ہی اُس نے تہران کے اِس وعدے کی بھی تحسین کی تھی کہ وہ نیوکلیائی ہتھیار نہیں بنائیں گے، جو کہ جنگ ختم کرنے کا ٹرمپ کا اہم مطالبہ تھا۔ x

**Add to Trump China Visit**

اِدھر امریکی وزیر خارجہ مارکو Rubio نے آج چین کو متنبہ کیا ہے کہ تائیوان کے خلاف طاقت کا استعمال ایک فاش غلطی ہوگی۔ انہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ صدر ٹرمپ اور صدر جنپنگ کی ملاقات کے بعد بھی تائیوان کے تئیں امریکہ کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ ایک پرائیویٹ نیوز چینل کے ساتھ انٹرویو میں جناب Rubio نے جناب شی کی اِس وارننگ پر براہ راست ردّ عمل ظاہر کرنے سے گریز کیا کہ تائیوان کے معاملے پر کشیدگی، دونوں ملکوں کے درمیان جھگڑے کا باعث ہوسکتی ہے۔x

**CBI NEET Arrest**

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے NEET-UG-2026 سے متعلق پیپر لیک کے معاملے میں مبینہ خلاف ورزیوں کے سلسلے میں دو مزید مشتبہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔ ایجنسی نے پچھلے 24 گھنٹے میں ملک بھر میں 14 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی۔ ایجنسی نے بتایا کہ دو مشتبہ افراد کی پہچان اہلیہ نگر کے دھننجے لوکھنڈے اور پنے کی منیشا واگمارے کے طور پر ہوئی ہے۔ CBI نے بتایا کہ اِس سلسلے میں کل پانچ ملزمین کو گرفتار کیا گیا تھا، جن میں سے 3 جے پور سے، ایک گروگرام سے اور ایک ناسک سے گرفتار کیا گیا تھا۔ CBI نے بتایا کہ کل گرفتار کیے گئے تمام پانچ ملزمین کو دلّی میں آج ایک عدالت کے سامنے پیش کیا گیا اور عدالت نے اِنہیں پوچھ تاچھ کی غرض سے 7 دن کیلئے پولیس حراست میں دے دیا۔

CBI نے NEET-UG-2026 امتحان کے مبینہ پیپر لیک سے متعلق شکایت کے تعلق سے اِس ماہ کی 12 تاریخ کو فوری طور پر ایک کیس درج کیا تھا۔ x

**Delhi Govt Campaign**

دلی سرکار کل سے ''میرا بھارت میرا یوگدان'' مہم کا آغاز کرے گی۔ یہ مہم وزیر اعظم کی اپیل کے مطابق شروع کی جا رہی ہے۔ دلی سکریٹریٹ میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ مہم کے تحت لازمی خدمات کے علاوہ دلی سرکار کے تمام دفتر، ہفتہ میں دو دن کیلئے ورک فرام ہوم کریں گے۔x

**S/B Rekha Gupta**

**Inter Ministerial Briefing**

حکومت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں خام تیل، LPG اور قدرتی گیس کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جارہے ہیں۔ آج نئی دِلی میں مغربی ایشیا کی تازہ صورتحال سے متعلق بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ ملک بھر میں گھریلو LPG کی فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے اور کسی بھی ڈسٹری بیوٹر کی جانب سے کسی طرح کی قلت کی کوئی رپورٹ موصول نہیں ہوئی ہے۔

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی شاہراہوں کے سکریٹری مکیش منگل نے کہا کہ 90 ہزار میٹرک ٹن سے زیادہ مقدار میں LPG بردار دو بحری جہازوں نے گزشتہ رات آبنائے ہرمز کو پار کرلیا ہے۔

اِن بحری جہازوں پر 20 سے زیادہ عملے کے افراد ہیں۔ توقع ہے کہ یہ دونوں جہاز اِس مہینے کی 16 تاریخ کو یہاں پہنچ جائیں گے۔ جناب منگل نے کہا کہ بھارتی تجارتی بحری جہاز MSV حاجی علی، جو صومالیہ سے متحدہ عرب امارات کے شارجہ کے سفر پر تھا، گزشتہ روز صبح کے وقت عمانی سمندر میں ایک حادثے سے دوچار ہوگیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس کے عرشے پر آگ

لگ گئی، جس کے بعد خبر ہے کہ یہ بحری جہاز ڈوب گیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس جہاز پر عملے کے 14 بھارتی افراد کو عمان کے ساحلی محافظوں نے بحفاظت بچا لیا اور خبر ہے کہ وہ بندرگاہ پر محفوظ ہیں۔×

**ASIAN Senior Weightlifting**

ایشین سینئر ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ میں بھارت کے اجیت نارائن نے گجرات کے گاندھی نگر میں آج مردوں کے 71 کلوگرام کے زمرے میں clean and jerk اور مجموعی کھیل میں اپنی قابلِ ذکر کارکردگی کی بنا پر کانسے کے دو تمغے حاصل کیے ہیں۔ ایشیا کے چند بہترین ویٹ لفٹروں سے مقابلہ کرتے ہوئے اجیت نے غیر معمولی مضبوطی کا مظاہرہ کیا اور مجموعی طور پر 314 کلوگرام وزن اٹھاکر اور clean and jerk میں 174 کلوگرام کی زبردست کوشش کے ساتھ دونوں ہی مقابلوں میں بھارت کو تیسرا مقام دلایا۔ اجیت کی اِس کوشش سے اِس چمپئن شپ میں بھارت کو تین تمغے حاصل ہوگئے۔ پیر کو خواتین کے 48 کلوگرام کے زمرے میں کومل کُہر نے کانسے کا تمغہ جیت کر بھارت کیلئے تمغوں کی جیت کی شروعات کی تھی۔ x

☆☆☆☆☆